# URDU

## (اردو)

## (206)

وقت : 3 گھنٹے

کل مارکس : 100

---

1. درج ذیل اشعار کی تشریح کیجیے۔ یہ شعر الگ الگ غزلوں سے لیئے گئے ہیں۔ ہر شعر کے شاعر کا نام بھی لکھیے۔ 4+2=6

پہلا شعر : منزلیں گرد کی مانند اڑی جاتی ہیں

وہی اندازِ جہانِ گزراں ہے کہ جو تھا

دوسرا شعر : زندگی جیسی توقع تھی نہیں کچھ کم ہے

ہر گھڑی ہوتا ہے احساس کہیں کچھ کم ہے

**یا**

نیچے لکھی نظم کے اشعار کی تشریح کیجئے اور شاعر کا نام بھی لکھیئے :

درختوں کے پتے چمکتے ہوئے

خس و خار سارے جھمکتے ہوئے

درختوں کے سائے سے مہ کا ظہور

گرے جیسے چھَن چھَن کے چھلنی سے نور

2. درج ذیل اقتباس کو غور سے پڑھیئے اور لکھے گئے سوالات کے جواب لکھیئے۔

8

تیسری جماعت کے افراد کے پڑھنے کا طریقہ نرالا ہے۔ یعنی ایک اخبار یا رسالہ گود میں ہے اور دو اخبار ہاتھ میں ہیں۔ حریص اتنے کہ کسی اور کو اُس وقت تک اخبار نہ اُٹھانے دیں گے جب تک الف سے لے کری تک سارا اخبار نہ پڑھ لیں۔ آپ نے جرأت کر کے ان کی گود میں پڑے رسالے کی طرف ہاتھ بڑھایا انھوں نے عینک درست کر کے کچھ اس طرح خشم آلود نگاہوں سے آپ کی جانب دیکھا گویا کچا ہی چبا جائیں گے۔ آپ نے ہاتھ کھینچ لیا اور انھوں نے خالی ہاتھ رسالے پر رکھ لیا۔ آپ منتظر ہیں کہ وہ رسالہ ان کے پنجے سے چھوٹے اور آپ پڑھیں۔ مگر یہ موہوم خیال ہے کیوں کہ بڑے میاں جب تک اخبار کا جوان کے ہاتھ میں ہے مطالعہ نہیں کر لیتے، رسالے کی باری نہیں آئے گی۔ نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ آپ تنگ آ کر چلے جاتے ہیں۔ مگر جب بھی جاتے ہیں، تقریباً اسی قسم کے لوگوں کو رسائل اور اخبارات پر قابض پاتے ہیں۔

(1) یہ پیراگراف کس سبق سے لیا گیا ہے ؟ اور کس نے لکھا ہے ؟

(2) تیسری جماعت کے افراد کا اخبار پڑھنے کا کیا طریقہ ہے ؟

(3) اُن کی گود سے رسالہ اٹھانے پر اُن کا کیا رویہ ہوتا ہے ؟

(4) آخر کار آپ کیا کرتے ہیں ؟

**یا**

جب دو قومیں ملتی ہیں تو دونوں میں تہذیبی لین دین ضرور ہوتا ہے۔ اس لین دین کی نوبت اور مقدار سے تہذیبی تعلقات کی نوعیت کا پتہ چلتا ہے۔ انھیں نظر انداز کرنے سے تاریخ بدل نہیں سکتی۔ لیکن قومی رہنما تاریخی ارتقا سے نظر بچا کر اسے اپنی ذاتی خواہشات کے سانچے میں ڈھالنا چاہتے ہیں۔ مسلمانوں میں علاوہ مذہب کے ظاہری رخ کے اور کوئی چیز بیرونی اور بدیسی نہیں رہ گئی تھی۔ ایسا ہونا ناگزیر تھا۔ ایران کے آریہ دو ہزار سال کے قریب ایک دوسرے سے الگ رہنے کے بعد پھر ایک دوسرے سے ملے تھے۔ اور انھیں ایک دوسرے کو سمجھنے میں دیر نہ لگی۔ یہی وجہ ہے کہ ان میں مذہب یا تہذیب کی بنیاد پر کبھی آپس میں جھگڑے نہیں ہوئے۔

(1) یہ پیراگراف کس سبق سے لیا گیا ہے اور کس مصنف نے لکھا ہے ؟

(2) لین دین کی نوبت اور مقدار سے کیا پتہ چلتا ہے ؟

(3) ایران کے آریہ اور ہندوستان کے آریہ کتنے ہزار برس کے بعد ایک دوسرے سے ملے تھے ؟

(4) کیا وجہ ہے اُن میں آپس میں جھگڑے نہیں ہوئے ؟

3. نظم کی تعریف لکھیئے۔ کسی نظم کے شاعر کا نام بھی لکھیئے۔

3+1=4

**یا**

مثنوی کی تعریف لکھ کر آپ کی کتاب میں مثنوی کس نے لکھی ہے نام لکھیئے۔

4. ڈرامہ کسے کہتے ہیں ؟ آپ کی کتاب میں کس مصنف نے ڈرامہ لکھا ہے ؟ 3+1=4

یا

افسانہ کی تعریف لکھ کر اپنی کتاب کے دو افسانہ نگاروں کے نام لکھیئے۔

5. درج ذیل عنوانات میں سے کسی ایک عنوان پر مضمون لکھیئے : 10

بھارت کے موسم ۔ کرکٹ میچ ۔ الیکشن ۔ عید کے بازار کی رونق ۔ ہولی کا تہوار

6. اپنی سہیلی کے نام خط لکھ کر شرکت نہ کرنے پر افسوس ظاہر کریں۔ 8

یا

علاقے کے محکمہ پانی کے افسر کے نام درخواست لکھ کر گلی کے پانی کی پائپ لائن ٹوٹنے کی اطلاع دیں۔

7. ماس میڈیا نے ہماری زندگی کو کیسے متاثر کیا ہے ؟ 5

یا

M.S. Access پروگرام کِسے کہتے ہیں ؟ چند لائینیں لکھیئے۔

8. مولانا الطاف حسین حالؔی کے بارے میں اپنے خیالات کا اظہار کریں۔ 4

یا

ساحؔر لدھیانوی کے حالاتِ زندگی کے بارے میں چند لائینیں لکھیئے۔

9. نظم کشمیر میں ''نسیم سحری'' سے کیا مراد ہے ؟ 3

10. ''شانتی کی گنگا جمنا بہانے '' کا کیا مطلب ہے ؟ 3

11. گوپی چند نارنگ کی طرز تحریر پر چند لائینیں لکھیئے۔ 4

یا

کرشن چندر ایک افسانہ نگار ہیں۔ان کے بارے میں چند لائینیں لکھیئے۔

12. اردو کسی کی مخصوص زبان نہیں ہے۔ چند جملے لکھیے۔ 3

13. کبیر کون سی زبان بولتے تھے ؟ لکھیے۔ 3

14. تہذیب سے کیا مراد ہے ؟ 3

15. اسم ضمیر کی تعریف لکھ کر مثال دیں۔ 3

16. صفت کی تعریف لکھیے۔ 3

17. تمثیل کسے کہتے ہیں ؟ 3

18. سہل ممتنع کسے کہتے ہیں ؟ 3

19. درج ذیل ایک سوال کے چار جواب دیئے گئے ہیں۔ درست جواب چن کر اپنی کاپی میں لکھیے۔

(1) دلہن پاس آ کر بھی واپس کیوں چلی گئی ؟ 1

(A) کیونکہ وہ انسان نہیں تھی
(B) وہ آسمانوں میں رہتی تھی
(C) بوڑھے نے قوم کی بھلائی کا کوئی کام نہیں کیا تھا
(D) بوڑھے نے ثواب کی نیت سے نیک کام کیے تھے

(2) امینہ کی پریشانی کا سبب کیا تھا ؟ 1

(A) وہ بیمار تھی
(B) وہ اپنے پڑوسیوں سے نالاں تھی
(C) اس کے پاس عید منانے کو پیسے نہیں تھے
(D) حامد بہت شرارت کرتا تھا

(3) کہانی کار سے سبھی کیا سوال کرتے تھے ؟ 1

(A) میری تصویر بھی بناؤ گی
(B) میری فلم بھی بناؤ گی
(C) میری کہانی لکھو گی
(D) میری درخواست بھی لکھو گی

(4) پگڑی اتارنے کے کیا معنی ہیں ؟ 1

(A) سر کو ننگا کرنا (B) پگڑی اتار کر رکھ دینا

(C) بے عزت کرنا (D) عزت بڑھانا

(5) غالبؔ کی غزل میں ''حال پر ہنسی'' آنے کی بات کس زمانے کی ترجمانی کرتی ہے ؟ 1

(A) ماضی (B) حال (C) مستقبل (D) کسی کی بھی نہیں

(6) ''تمناؤں میں الجھایا گیا ہوں'' سے کیا مطلب ہے ؟ 1

(A) دنیا کی آرزوؤں میں الجھ گیا (B) اس جہان کی رونقیں دیکھنے کے قابل ہیں

(C) انسان کی زندگی کا مقصد عیش کرنا ہے (D) زندگی کی مشکلات کا سامنا کرنا

(7) الجھایا اور بہلایا گرائمر میں کیا ہے ؟ 1

(A) محاورہ (B) استعارہ (C) فصل (D) صفت

(8) ہستی اپنے حباب کی سی ہے یہ نمائش سراب کی سی ہے 1

اس شعر میں کس چیز کو کس چیز سے تشبیہ دی گئی ہے ؟

(A) ہستی کی تشبیہ حباب سے (B) حباب کی تشبیہ ہستی سے

(C) نمائش کی تشبیہ زندگی سے (D) زندگی کی تشبیہ نمائش سے

(9) ''ساغر ذرا سا گویا مجھ کو جہاں نما ہو'' اس مصرعے میں کس صنف کا استعمال کیا گیا ہے ؟ 1

(A) تلمیح (B) تشبیہ (C) پیکر (D) استعارہ

(10) کلام میں ایسے الفاظ استعمال کرنا جو معنی کے اعتبار سے ایک دوسرے کی ضد ہو، کیا کہلاتے ہیں ؟ 1

(A) صنعت مراعات النظیر (B) صنعت تضاد

(C) صنعت متضاد (D) صنعتِ بے نظیر

(11) ''اجی مرغی اذا ں دیتی بھلی نہ لگے'' اس محاورے کے کیا معنی ہیں ؟ 1

(A) عورت کا گھر سے باہر نکل کر کام کرنا اچھا نہیں لگتا (B) مرغی کو اذاں نہیں دینا چاہیے

(C) مرغوں کو اذان دینا چاہیے (D) مرغیاں انڈے دیتی ہیں

(12) خطوط کا واحد کیا ہے ؟ 1

(A) درخواست (B) مضمون (C) خط (D) کہانی

(13) بوڑھے کا سر ''کس کی طرح چمک رہا تھا'' گرائمر میں کیا ہے ؟ 1

(A) اسم صفت (B) اسم ضمیر (C) فصل (D) محاورہ

(14) آسمان کا متضاد کیا ہے ؟ 1

(A) پہاڑ (B) دریا (C) زمین (D) جنگل

(15) عشق کی ضد کیا ہے ؟ 1

(A) محبت (B) میل جول (C) نفرت (D) دشمنی

(16) ''کھسیا جانا'' کے کیا معنی ہیں ؟ 1

(A) شرمندہ ہونا (B) رنجیدہ ہونا (C) ڈر جانا (D) خوش ہو جانا

(17) مضمون کی کس قسم میں اپنے تاثرات اور ردعمل کا اظہار ہوتا ہے ؟ 1

(A) بیانیہ (B) تخیلی (C) تاثراتی (D) اظہاری

(18) مضمون کا آخری حصہ کیا کہلاتا ہے ؟ 1

(A) ردِ عمل (B) اختتام (C) نفسِ مضمون (D) بیانیہ

(19) کس آلے کو گھمانے سے مانیٹر پر ایک کرسر حرکت کرتا ہے ؟ 1

(A) ماؤس (B) مدر بورڈ (C) اِن پیج (D) انٹرنیٹ

(20) پرنٹ میڈیا میں کس کا رول اہم ہے ؟ 1

(A) رسالے (B) ناول (C) اخبار (D) پوسٹر

- o O o -